بسم اللہ الرحمن الرحیم

طواف کی ابتداء میں حجر اسود کے استلام کی مسنون صورت کیا ہے؟ اور طوف کے دوران استلام کی صورت کیا ہے؟ دونوں میں کوئی فرق ہے یا نہیں؟ استلام کرنے کے بعد دونوں ہاتھوں کو چومنا چاہئے یا نہیں؟

مستفتی: اظفر جنید، مکہ مکرمہ

الجواب حامداً ومصلیاً

حجر اسود کے استلام کی مسنون صورت یہ ہے کہ دونوں ہاتھ حجر اسود پر رکھ کر اس طرح بوسہ لیا جائے کہ چومنے کی آواز پیدا نہ ہو۔ بوسہ لینے کے ساتھ ہی حجر اسود پر سر رکھ کر سجدہ کیا جائے۔ یہ عمل تین مرتبہ دہرایا جائے۔ واضح رہے کہ حجر اسود کا استلام مسنون ہے اور لوگوں کو تکلیف پہنچانے سے بچنا واجب اور لازم ہے۔ لہذا اگر ہجوم کی وجہ سے مذکورہ طریقے کے مطابق استلام کرنا ممکن نہ ہو تو استلام کے لئے درجِ ذیل طریقے اختیار کئے جاسکتے ہیں:

(۱)۔۔۔دونوں ہاتھوں یا کسی ایک ہاتھ سے حجر اسود کو چھونے کے بعد ہتھیلیوں کا بوسہ لے لیا جائے، البتہ اولیٰ یہ ہے کہ داہنے ہاتھ سے چھو کر اس کی ہتھیلی کا بوسہ لیا جائے۔

(۲)۔۔۔اگر یہ نہ ہوسکے تو چھڑی یا چھتری وغیرہ جو چیز ہاتھ میں ہو اس سے حجر اسود کو چھو کر اس کا بوسہ لے لیا جائے۔

(۳)۔۔۔اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو دونوں ہاتھ کاندھوں یا کانوں تک اٹھا کر حجر اسود کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ خیال کیا جائے گویا کہ آپ نے دونوں ہاتھ حجر اسود پر رکھے ہوئے ہیں اور پھر دونوں ہتھیلیوں کا بوسہ لے لیا جائے۔

طواف کے ہر چکر میں استلام کا طریقہ یہی ہے، لہذا ابتدائے طواف اور درمیانِ طواف کے استلام میں کوئی فرق نہیں ہے۔ نیز مذکورہ بالا تفصیل سے یہ معلوم ہوا کہ براہِ راست استلام کرنے کے بعد ہاتھوں کا بوسہ لینا درست نہیں، البتہ بالواسطہ استلام کرنے کی صورت میں ہاتھوں کو یا جس چیز کے ذریعے استلام کیا ہے اس کو بوسہ دینا مستحب ہے۔ (ماخذہ: "زبدۃ المناسک" ص: ۱۱۴ و ۱۱۵ و ۱۲۰، ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی۔ و "معلم الحجاج"، ص: ۱۳۸ و ۱۴۷، مکتبۃ البشری، کراچی۔ "عمدۃ الفقہ"، ۴/ ۱۸۰ و ۱۸۱ و ۱۸۳، زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، کراچی)۔

لما فی "البحرالرائق" لزین الدین ابن نجیم رحمہ اللہ (المتوفی: ۹۷۰ھ):

قوله (ثم استقبل الحجر مكبرا مهللا مستلما بلا إيذاء) لفعله عليه السلام كذلك ولنهي عمر عن المزاحمة ولأن الاستلام سنة والكف عن الإيذاء واجب فالإتيان بالواجب متعين والاستلام أن يضع يديه على الحجر الأسود ويقبله لفعله عليه السلام الثابت في الصحيحين وإن لم يقدر وضع يديه وقبلهما أو إحداهما فإن لم يقدر أمس الحجر شيئا كالعرجون ونحوه وقبله لرواية مسلم وإن عجز عن ذلك للزحمة استقبله ورفع يديه حذاء أذنيه وجعل باطنهما نحو الحجر مشيرا بهما إليه وظاهرهما نحو وجهه هكذا المأثور وإن

(بقیہ جواب ورق کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں)

أمكنه أن يسجد على الحجر فعل لفعله عليه السلام والفاروق بعده وقول القوام الكاكي الأولى أن لا يسجد عندنا ضعيف وهذا التقبيل المسنون إنما يكون بوضع الشفتين من غير تصويت كما ذكره الحلبي في مناسكه۔(مع منحة الخالق،۲، ۵۷۲ باب الاحرام مكتبة رشيدية، كوئٹہ)۔كذا فی ''تبیین الحقائق''(۲،۲۶۶الی۲۶۸،ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی)۔وفي ''الهندية مع الخانية'':(۱،۲۲۵، الباب الخامس،المكتبة الحقانية ،پشاور)۔ وفي ''المحيط البرهاني''(۳،۳۹۹و۴۰۰الفصل الثالث،ادارة القرآن والعلوم الاسلامية ۔وفی الهداية مع الفتح''(باب الاحرام۲،۳۵۳و۳۵۴المکتبة الحبيبية،کوئٹہ)۔وفی ''الجوهرة النيرة'' (۲۴۲، مكتبة البشرى، كراچی)۔

وفی ''المسلک المتقسط''لملا علی بن سلطان محمد القاری رحمه الله (المتوفی:۱۰۱۴ھ):

فصل فی مستحباته:---(وتقبيل الحجر)أی بالاتفاق، والظاهر عدّه من السنن المؤكدة لثبوته بالاحاديث الواردة،ولعله أراد أن تثليثه مستحب(والسجود عليه)يعنی مع التقبيل كماسبق(ثلاثا)لماورد فی بعض الروايات،ولكنها غير مشهورة۔(۲۲۶،المكتبة الحقانية ،پشاور) وفی'' البحر العميق''(۲،۱۱۸۰وضع الجبهة علی الحجر الاسود،المكتبة المكية ،مكة المكرمة)۔ وفی ''غنية الناسک ''،۵۳و۵۴، المطبعة الخيرية ،میرٹھ ،هند)۔

وفی ''الدرالمختار'' لعلی بن محمد الحصكفی رحمه الله (المتوفی:۱۰۸۸ھ):

(واستلمه) بكفيه وقبله بلا صوت وهل يسجد عليه قيل نعم (بلا إيذاء) لأنه سنة وترك الإيذاء واجب فإن لم يقدر يضعهما ثم يقبلهما أو إحداهما (وإلا) يمكنه ذلك (يمس) بالحجر (شيئا في يده) ولو عصا (ثم قبله) أي الشيء (وإن عجز عنهما) أي الاستلام والإمساس (استقبله) مشيرا إليه بباطن كفيه كأنه واضعهما عليه (وكبر وهلل وحمد الله تعالى وصلى على النبي صلى الله عليه وسلم) ثم يقبل كفيه(۲،۴۹۳و۴۹۴،مطلب فی دخول مكة،ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی)۔

و فی ''رد المحتار'' لمحمد امين الشامی رحمه الله (المتوفی:۱۲۵۲ھ):

قال في اللباب: وصفة الاستلام أن يضع كفيه على الحجر ويضع فمه بين كفيه ويقبله قوله (قيل نعم) جزم به اللباب وقال إنه مستحب ويكرره مع التقبيل ثلاثا قال شارحه وهو موافق لما نقله الشيخ رشيد الدين في شرح الكنز وكذا نقل السجود عن أصحابنا العز بن جماعة لكن قال قوام الدين الكاكي الأولى أن لا يسجد عندنا لعدم الرواية في المشاهير اه وظاهره ترجيح ما قاله الكاكي في المعراج وهو ظاهر الفتح ولذا اعترض في النهر على قول البحر إنه ضعيف بأن صاحب الدار أدرى أي أن الكاكي من أهل المذهب الماهرين وهو أدرى بالمذهب من غيره فلا ينبغي تضعيف ما نقله قلت لكن استند الكاكي إلى عدم ذكره في المشاهير وهو لا ينفي ذكره في غيره وقد استند في البحر إلى أنه فعله عليه الصلاة والسلام والفاروق بعده كما رواه الحاكم وصححه

(جاری ہے---------)

واستدرك بذلك مدلا على في شرح النقاية على ما مر عن الكافي وأيد به ما نقله ابن جماعة عن أصحابنا ثم رأيت نقلا عن غاية السروجي أنه كره مالك وحده السجود على الحجر وقال إنه بدعة وجمهور أهل العلم على استحبابه والحديث حجة عليه اه أي على مالك وبهذا يترجح ما في البحر و اللباب من الاستحباب إذ لا يخفى أن السروجي أيضا من أهل الدار فهو أدرى والأخذ بما قاله موافقا للجمهور والحديث أولى وأحرى فافهم۔(۲/ ۴۹۳و۴۹۴،مطلب فی دخول مکۃ،ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی)۔

وفيه ايضا:

قوله (عنهما) الأول عنه أي الإمساس لأن العجز عن الاستلام ذكره بقوله وإلا يمس قوله (مشيرا إليه بباطن كفيه) أي بأن يرفع يديه حذاء أذنيه ويجعل باطنهما نحو الحجر مشيرا بهما إليه وظاهرهما نحو وجهه هكذا المأثور بحر وفي شرح النقاية للقاري حذاء منكبيه أو أذنيه وكأنه حكاية للقولين المارين قوله (ثم يقبل كفيه) أي بعد الإشارة المذكورة قال في الفتح ويفعل في كل شوط عند الركن الأسود ما يفعله في الابتداء اه ويأتي تمامه عند قول المصنف وكلما مر بالحجر فعل ما ذكر(ايضا)۔ والله اعلم بالصواب۔

محمد عامر
محمد عامر
متخصص فی الافتاء (سال دوم)
دارالافتاء والارشاد، فیصل آباد
۲۰ رجمادی الاولی/۱۴۳۹ھ
۸/فروری/۲۰۱۸ء

الجواب صحیح
محمد طاہر عفی عنہ
۲۶ جمادی الاخری ۱۴۳۹ھ

رئیس

الجواب صحیح

دارالافتاء و الارشاد فیصل آباد
G-624 طاہر روڈ گلستان کالونی نمبر ۱
فتوی نمبر: ۳۹/۱۱/۲
تاریخ: ۲۰ رجب ۱۴۳۹ھ